# 30-05-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کیلئے مہم آج شام کو اختتام کو پہنچی۔ یکم جون کو ستاون پارلیمانی حلقوں میں رائے دہی ہوگی۔

☆بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری و رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے کانگریس اور بی آر ایس پر تنقید کی ہے کہ وہ اہم مسائل کو نظر انداز کرتے ہوئے ریاستی لوگو پر سیاست کررہے ہیں۔

☆بی جے پی کے ریاستی نائب صدر این وی ایس ایس پربھاکر نے فون ٹیاپنگ معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

☆جنوب مغربی مانسون آج کیرالہ میں داخل ہوگیا۔ تلنگانہ میں آئندہ بہتر گھنٹوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاست کے لوگو سے چارمینار اور کاکتیہ کمان کے خاکوں کو ہٹادینے کے ریاستی حکومت کے فیصلہ کی مخالفت کی ہے۔ ریاست کا نیا لوگو دوجون کو یوم تاسیس کے موقع پر جاری کیا جانے والا ہے۔ کے ٹی آر نے حکومت کو انتباہ دیا کہ اگر اس نے لوگو سے ان دو خاکوں کو ہٹادیا تو ریاست بھر میں احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے حکومت کے فیصلہ کی مخالفت کرتے ہوئے آج اپنی پارٹی کے ارکان مقننہ اور سینئر قائدین کے ساتھ مل کر چارمینار کا دورہ کیا۔ انہوں نے حکومت سے پوچھا کہ لوگو کو تبدیل کرنے کی اسے کیوں جلدی ہے۔ انہوں نے کانگریس پارٹی سے سوال کیا کہ کیا وہ تلنگانہ سے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی وراثت کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے معاملہ کے پیچھے سیاسی محرکات کارفرماں ہے۔ کے ٹی آر نے سوشیل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں لکھا کہ چارمینار صدیوں سے حیدرآباد کی علامت رہا ہے اور کانگریس کی حکومت اس تاریخی چارمینار کو ریاستی لوگو سے ہٹانا چاہتی ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ بی آر ایس حکومت کے فیصلہ کے خلاف قانونی کاروائی کرے گی اور عوامی تحریک شروع کرے گی۔ انہوں نے حکومت کے اس دلیل کو مسترد کردیا کہ کاکتیہ کمان اور چارمینار آمرانہ حکمرانی کی علامتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی عمارتیں تلنگانہ کی تاریخ اور فن تعمیر کی عکاسی کرتی ہیں اور یہ ریاست کی ترقی اور فلاح و بہبود کی علامتیں ہیں۔

☆☆☆☆☆

عادل آباد ضلع کے اچھوڑہ میں آج کپاس کے کسانوں نے بیجوں کے ایک تاجر کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے راستہ روکو احتجاج منظم کیا جس کی وجہ سے ہلکی کشیدگی پیدا ہوگئی۔ کسانوں نے اس تاجر پر الزام لگایا کہ وہ بیجوں کی غیر قانونی فروخت کررہا ہے۔ گزشتہ تین دن سے مختلف اقسام کے کپاس کے بیجوں کی خریدی کیلئے جدوجہد کررہے کسانوں نے اچھوڑہ منڈل کو بیج منتقل کرنے والی ایک گاڑی کو پکڑلیا اور اسے پولیس کے حوالے کردیا۔ انہوں نے بیجوں کو دوسرے مقام پر منتقل کئے جانے پر اعتراض کیا۔ انہوں نے پنجاب چوک کے قریب سڑک پر احتجاج کیا جس کی وجہ سے کچھ دیر کیلئے ٹرایفک کی آمدورفت متاثر ہوئی۔ عادل آباد کے ڈی ایس پی جیون ریڈی کی قیادت میں پولیس کی ایک ٹیم جائے وقوع پر پہنچی اور کسانوں سے بات چیت کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ وہ اس واقعہ کی تحقیقات کریں گے۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹر اسمیتی کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر صحت ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت نے نیشنل ہیلتھ مشن کے تحت کام کررہے کنٹراکٹ اور آؤٹ سورسنگ ملازمین کو گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہیں ادا نہیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہوں کی عدم ادائیگی سے اٹھتر محکموں میں کام کررہے تقریباً سترہ ہزار پانچ سو اکتالیس افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ان محکموں میں اربن پرائمری ہیلتھ سنٹرس، بیسک ہیلتھ سنٹرس، بستی دواخانے اور تلنگانہ ڈائیگناسٹک سنٹرس شامل ہیں۔ ہریش راؤ نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پوسٹ میں کہا کہ طبی عملہ کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی صحت عامہ کے تئیں ریاستی حکومت کی لاپرواہی کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہر مہینہ کی پہلی تاریخ کو تنخواہیں ادا کرنے کا کانگریس کا وعدہ کھوکھلا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ان ملازمین کو تین مہینوں کی تنخواہ کے ساتھ پی آر سی کے بقایہ جات فوری ادا کرے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کیلئے مہم آج شام کو اختتام کو پہنچی۔ اس مرحلہ کے تحت سات ریاستوں اور ایک مرکزی زیر انتظام علاقہ میں پھیلے ہوئے ستاون پارلیمانی حلقوں میں یکم جون کو رائے دہی ہوگی۔ اس مرحلہ میں اڈیشہ اسمبلی کی بیالیس نشستوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔ لوک سبھا کی ستاون نشستوں کیلئے جملہ نو سو چار امیدوار میدان میں ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے سرکاری لوگو سے چار مینار کو ہٹانے کے حکومت کے فیصلہ کی بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ کی جانب سے مخالفت پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری ورکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ حیدرآباد کا مطلب چار مینار نہیں بلکہ بھاگیہ لکشمی مندر ہے۔ انہوں نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کانگریس حکومت سے سوال کیا کہ آیا اس نے ریاستی لوگو کی تبدیلی اور نئے سرکاری نغمہ کے بارے میں عوام کی رائے لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس اور کانگریس کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے کیوں کہ دونوں پارٹیاں غذائی اجناس کی خریدی، کھادوں اور بیجوں کی سربراہی اور فون ٹیاپنگ جیسے اہم مسائل پر توجہ دینے کے بجائے ان مسائل سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہی ہیں۔

☆☆☆☆☆

جنوب مغرب مانسون آج کیرالہ میں داخل ہوگیا۔ اس دوران دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ میں موسم خشک رہے گا۔ آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں اکا دکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہوگی یا گرج چمک کے ساتھ بونداباندی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ کا ایک 58 سالہ ورکر آج اس وقت ہلاک ہوگیا جب وہ ایک کان میں ایک لوڈ ہال ڈمپر کے نیچے حادثاتی طور پر دب گیا۔ یہ واقعہ آج کی ابتدائی ساعتوں میں پداپلی ضلع کے گوداوری کھنی میں جی ڈی کے 11 انکلائن کان میں پیش آیا۔ مہلوک کی شناخت پرتاب کی حیثیت سے کی گئی ہے جو راما گنڈم منڈل کے پنورو گاؤں سے تعلق رکھتا تھا۔ تلنگانہ بوگوگنی کارمیکا سنگھم کے صدر مریال راج ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ ایل ایچ ڈی کی خستہ حالت کے نتیجہ میں آپریٹر کی موت ہوئی ہے۔ اس دوران سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ کے چیئرمین اور مینیجنگ ڈائرکٹر این بلرام نے گوداوری کھنی میں سنگارینی ایریا ہاسپٹل کا دورہ کیا اور مہلوک ورکر کے ارکان خانہ کو پرسہ دیا۔ بعد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس واقعہ کی تفصیلی تحقیقات کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

کیتھولک فرقہ نے ورنگل کے کروناپورم میں سابق آرچ بشپ ایمی ریٹس تھوما بالا کی موت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ آرچ بشپ اپنی بہن کے مکان گئے تھے جہاں انہوں نے آخری سانس لی۔ ان کی آخری رسومات کل سینٹ میریز اسکول گراؤنڈ میں ادا کی جائیں گی اور ان کی تدفین سکندرآباد کے سینٹ میریز بیاسی لیکا میں عمل میں آئے گی۔ پوپ بینڈیکٹ نے انہیں بارہ مارچ 2011 کو حیدرآباد کا آرچ بشپ مقرر کیا تھا۔ اس وقت وہ 66 سال کے تھے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے ریاستی نائب صدر اور سابق ایم ایل اے این وی ایس ایس پربھاکر نے کہا ہے کہ وہ جلد ہی مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے ملاقات کریں گے اور انہیں بی آر ایس کے دورہ حکومت میں کی گئی فون ٹیاپنگ پر تفصیلی رپورٹ پیش کریں گے۔ دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں ججوں، سیاستدانوں، رئیل اسٹیٹ کے تاجروں اور ٹالی وڈ شخصیتوں کے فون ٹیاپنگ کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ نے اپنے ہی سینئر وزیر ہریش راؤ کا فون بھی ٹیاپ کروایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کے سی آر اپنی پارٹی کے اندر ناراض گروپ کو کنٹرول کرنے کیلئے تحقیقاتی ایجنسیوں کا استعمال کیا۔ انہوں نے فون ٹیاپنگ معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ پربھاکر نے کہا کہ ریاست کے سیول سپلائیز محکمہ میں ہونے والے گھپلے کی بھی سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں کئے گئے اسکامس اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کے نظم و نسق سنبھالنے کے بعد ہوئے گھپلوں کی برسر خدمت جج کے ذریعہ تحقیقات ہونی چاہئے۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شام سکریٹریٹ میں ریاست کے نئے ترانے کو قطعیت دینے کیلئے سی پی آئی، سی پی ایم اور دیگر جماعتوں کے قائدین کے ساتھ مذاکرات شروع کئے۔ اس اجلاس میں قانون ساز کونسل کے چیئر مین گتہ سکھیندر ریڈی، اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار، سابق وزیر جانا ریڈی، کابینی وزرا، چند ارکان اسمبلی، ٹی جے ایس کے صدر پروفیسر کودنڈا رام، نغمہ نگار اندے سری، موسیقار کیراوانی اور دوسرے شرکت کررہے ہیں۔ امکان ہے کہ یہ ترانہ دو جون کو ریاست کے یوم تاسیس کے موقع پر جاری کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ یوم تاسیس تقاریب کے کامیاب انعقاد کیلئے سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ پر انتظامات تیزی سے جاری ہیں۔ ان تقاریب میں کانگریس کی لیڈر سونیا گاندھی نے شرکت کرنے سے اصولاً اتفاق کرلیا ہے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج پریڈ گراؤنڈ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں سے انتظامات کی تفصیل حاصل کی اور انہیں ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ یہ تقریب شاندار پیمانے پر منعقد ہو۔ انہوں نے عہدیداروں سے برقی، پانی کی سربراہی، مائیک سسٹم، ایل ای ڈی اسکرین اور دیگر انتظامات کے بارے میں تفصیلات حاصل کیں۔

☆☆☆☆☆